Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) Course Work Examination - February 2021

Paper - PHUR101CCT : Research Methodology (Backlog)

پرچہ: تحقیق کے طریقۂ کار

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) 'تلاش وتعبیر' کس کی تصنیف ہے ؟

(a) مولانا کلب عابد (b) رشید حسن خاں (c) گیان چندجین (d) خلیق انجم

(ii) 'تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے' یہ تعریف اردو کے کس محقق نے کی ہے؟

(a) مولوی عبدالحق (b) قاضی عبدالودود (c) رشید حسن خاں (d) سید محمد ہاشم

(iii) امتیاز علی عرشی کا تعلق درج ذیل میں سے کس ادارے سے رہا ہے ؟

(a) رضا لائبریری رام پور (b) دارالترجمہ (c) مکتبہ جامعہ (d) اردو اکیڈمی دہلی

(iv) مقالات ماجد کے نام سے کس ناقد کے مضامین شائع ہوئے ہیں ؟

(a) ڈاکٹر زور (b) ڈاکٹر تنویر احمد علوی (c) محمود شیرانی (d) عبدالماجد دریابادی

(v) 'خالق باری' کو کس محقق نے مرتب کیا ؟

(a) محمود شیرانی (b) امتیاز علی عرشی (c) حنیف نقوی (d) قاضی عبدالودود

(vi) تدوین متن کی دو اصطلاحات کے نام لکھیے ۔

(vii) اصول ترتیب متن کے مصنف کون ہیں ؟

(viii) رشید حسن خاں کو 'خدائے تدوین' کس نے کہا ہے؟

(ix) تحقیق میں سب سے اہم منزل اور اولین مرحلہ کیا ہے؟

(x) تحقیق کے لیے ہندی زبان میں کونسا لفظ استعمال کیا جاتا ہے؟

حصہ دوم

2. تحقیق کی تعریف کرتے ہوئے ادبی تحقیق کی اہمیت بیان کیجیے۔

3. تحقیق میں مقالے کے موضوع کا انتخاب سب سے اہم پہلو ہے۔اس کا انتخاب کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے ۔

4. تحقیق میں مواد کی فراہمی میں کس قسم کے مسائل آتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

5. مخطوطہ کی درجہ بندی کن اصولوں کے تحت کی جانا چاہیے ؟

6. تدوین متن کے مختلف طریقے بیان کیجیے۔

7. مولوی عبدالحق کی بحیثیت محقق خدمات کا جائزہ لیجیے ۔

8. مقالے کے خاکہ کی اہمیت بتاتے ہوئے اسے تیار کرنے کا بنیادی طریقہ کار لکھیے ۔

9. قاضی عبدالودود کی ادبی خدمات بیان کیجیے (تحقیق کے حوالے سے) ۔

حصہ سوم

10. تحقیق کی تعریف بیان کرتے ہوئے اسکی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔

11. تدوین متن کی ضرورت اور اہمیت لکھتے ہوئے تدوین متن میں درپیش مسائل بیان کیجیے ۔

12. امتیاز علی عرشی اور مسعود حسن رضوی ،بحیثیت محقق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

13. تحقیق کے مختلف تقاضے تحلیل وتجزیہ، دلائل وشواہد،حزم واحتیاط کو مفصل لکھیے۔

14. تحقیق کی زبان،حوالہ جات،حواشی،اور فرہنگ کی اہمیت واضح کیجیے۔

☆☆☆